زیر تبصرہ کتاب اسلامی تاریخ کے نہایت اہم اور پیچیدہ بحرانی دَور سے تعلق رکھتی ہے۔ گو یہ سیدنا ابوبکر صدیق ؓ کی "مکمل و مستند سیرت" (سرورق) ہے لیکن یہ داستان اس عظیم بحران کی تاریخ بھی ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات کے آخری لحات میں اٹھ کھڑا ہوا تھا۔ فتنۂ ارتداد اور انکار زکوٰۃ کی وجہ سے اسلام سمٹ کر دو تین شہروں تک محدود ہو گیا تھا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اس بحران پر دور اندیشی کے ساتھ قابو پایا اور اسلام کی حکومت دوبارہ جزیرہ عرب پر قائم کر دی جس کے بعد اسلام کا فطری بہاؤ کفر کی سلطنتوں کو بہا لے گیا۔ ان کی حکومت کا یہ مختصر زمانہ ہی یہ ثابت کرنے کے لیے کافی ہے کہ وہ واقعی افضل الناس بعدالانبیا اور خلیفۃ الرسول بلافصل کہلانے کے حق دار تھے۔ ان کی فراست ایمانی اور قیادت برہانی نے اسلام کو دوبارہ متمکن کر دیا۔ دنیا جب تک رہے گی حضرت ابوبکر صدیقؓ کا یہ احسان ہر اس شخص کی گردن پر رہے گا جو اپنے آپ کو مسلمان کہلاتا ہے۔

پروفیسر صدیقی نے یہ کتاب جدید انداز میں لکھی ہے جو ۱۳ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول' حالات قبل از خلافت' دوم: بیعت خلافت' سوم: جیش اسامہ' چہارم: فتنۂ ارتداد' پنجم: فتوحات' ششم: دینی خدمات' ہفتم: انتظام حکومت' ہشتم: خالصۃً رسول کی بحث' نہم: علمی مفاخر' دہم: فضیلت سیدنا ابوبکر صدیقؓ، یازدہم: سیرت صدیقؓ، دوازدہم: صدیقیت' سیزدہم: علالت و وفات۔

پروفیسر صاحب نے سیرت صدیقؓ سے متعلقہ تمام مسائل پر بحث کی ہے اور اپنا تجزیہ اور قول فیصل بیان کیا ہے۔ مستشرقین کے اعتراضات کا بھی جواب دیا ہے۔ (ملک نواز احمد اعوان)

تعارف کتب

☆ **قرآن اور صاحب قرآن کا اسلوب تعلیم**' پروفیسر رب نواز۔ ناشر: ادارہ تعلیمی تحقیق' ۳ بہاول شیر روڈ' مزنگ لاہور۔ صفحات: ۱۳۵۔ قیمت: ۷۵ روپے۔ [تعلیم و تربیت کے ضمن میں قرآن کی رہنمائی' نبی کریمؐ کا طریق تعلیم اور آپؐ کی تدریسی حکمت عملی پر سادہ و عام فہم انداز میں حوالوں کے ساتھ گفتگو کی گئی ہے--- معلمین کے لیے مفید رہنما کتاب۔ "ادارہ تعلیمی تحقیق" کی کتابوں میں آیاتِ قرآنی پر اعراب کیوں نہیں؟ کیا اعراب کے بغیر قرآن صحیح پڑھا جاسکتا ہے؟]

☆ **خوفناک جدید صلیبی جنگ**' گریس ہیل سیل۔ ناشر: انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک ریسرچ' اے ۴۷' بلاک ۱۱' گلشن اقبال' کراچی۔ صفحات: ۱۴۴۔ قیمت: ۶۵ روپے۔ [مصنفہ نے صدر جانسن کے زمانے میں تین سال تک وائٹ ہاؤس میں سٹاف رائٹر (صدارتی تقریر نویس) کے طور پر کام کیا۔ صحافت سے وابستہ رہیں۔ دنیا بھر کی سیاحت کی۔ یہ ان کی کتاب Forcing God's Hand کا اردو ترجمہ ہے۔ ان کے خیال میں شدید متعصب اور بنیاد پرست عیسائی عالمی امن کے لیے خطرہ بن گئے ہیں۔ وہ مسجد اقصیٰ کو بھی مسمار کرنا چاہتے ہیں۔ اسٹیج کا مرکز اسرائیل ہے۔ کتاب کے ناشر ذکی الدین شرفی